20094-امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسم اسناد میں شرکت کرنا

سوال

امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسیم اسناد میں شرکت کرنے کا حکم کیا ہے ، میں پی ایچ ڈی کا طالب علم ہوں ، اوراس سمیسٹر میں فارغ ہوجاؤنگا، اس تقریب میں شرکت کرنا میرے اختیار پر منحصر ہے ، لیکن ڈاکٹریٹ کے سٹوڈنٹ اور مشرف کے لیے اس تقریب میں شرکت کرنا اہم ہے ، اس تقریب میں شرکت کرنے والے طلباء کے لیے اور تقریب کے لیے مخصوص جبہ اور ٹوپی پہننا ضروری ہے ،مجھے اس قسم کے لباس کے متعلق تاریخ معلومات نہیں ہیں .

پسندیدہ جواب

جب شرکت اختیاری ہے تو پھر آپ اس میں شریک مت ہوں؛ تاکہ اس مخصوص لباس کے پہننے میں کفار کی مشابہت سے بچ سکیں ، اوراسی طرح اس تقریب میں جو برائیاں اور خرابیاں ہونگی ان سے بھی بچ سکینگے .

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بھی ہے :

ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس نے بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کی تو وہ انہیں میں سے ہے "

سنن ابوداود حدیث نمبر (4031) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ابوداود میں اسے صحیح قرار دیا ہے ..

واللہ اعلم .